17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث: صحیح بخاری شریف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ امام بخاری کا سن وفات ہے:

(الف) 250ھ (ب) 252ھ (ج) 256ھ (د) 260ھ

2۔ بخاری شریف حدیث کی کتاب ہے:

(الف) صحیح (ب) سنن (ج) مسند (د) مستخرج

3۔ آپ ﷺ احسان کرنے میں تیز ہیں:

(الف) تیز ہوا سے (ب) بارش سے (ج) طوفان سے (د) سیلاب سے

4۔ ہرقل بادشاہ نے حضور ﷺ سے متعلق استفسار کیا تھا:

(الف) ابو جہل سے (ب) حضرت ابو طالب سے (ج) حضرت ابو سفیان سے (د) ابو لہب سے

5۔ حدیث شریف کی رو سے اسلام کی بنیاد اتنی چیزوں پر ہے:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) دس

6۔ حدیث شریف کی رو سے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے عطا کرتا ہے:

(الف) دولت (ب) شہرت (ج) دین کی سمجھ بوجھ (د) حکمرانی

7۔ احناف کے ہاں غائبانہ نماز جنازہ ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) ناجائز (د) جائز

8۔ آپ ﷺ نے افضل جہاد قرار دیا ہے:

(الف) عمرہ کو (ب) حج کو (ج) سخاوت کو (د) حج مبرور کو

9۔ آپ ﷺ نے فرمایا شہداء ہیں:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) آٹھ

ورق الٹئے

10۔ گھوڑوں کی دوڑ کے مقابلے کرانا ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

11۔ حضور ﷺ نے منافق کو اس درخت سے تشبیہ دی ہے:

(الف) سفیدے (ب) شیشم (ج) صنوبر (د) کیکر

12۔ لوگوں میں سب سے زیادہ تکالیف دی گئیں:

(الف) انبیاء کو (ب) صحابہ کرام کو (ج) اولیاء کو (د) عورتوں کو

13۔ "عسل" کا معنی ہے:

(الف) پانی (ب) سرکہ (ج) شہد (د) سالن

14۔ معوذتین سے یہ دو سورتیں مراد ہیں:

(الف) کافرون واخلاص (ب) خلق اور اخلاص (ج) خلق اور کافرون (د) خلق اور ناس

15۔ نام لیے بغیر چور پر لعنت کرنا ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) مکروہ تنزیہی (د) جائز

16۔ "أصح الکتب بعد کتاب اللہ" اس کتاب کو کہا جاتا ہے:

(الف) صحیح مسلم شریف (ب) سنن ترمذی شریف (ج) سنن ابن ماجہ شریف (د) صحیح بخاری شریف

17۔ حدود اللہ میں شفاعت کرنا عمل ہے:

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مستحب (د) مکروہ

18۔ حدیث شریف کی رو سے اللہ تعالٰی کے اسماء ہیں:

(الف) نوے (ب) پچانوے (ج) ننانوے (د) سو

19۔ "البارئ" کا معنی ہے:

(الف) پیدا کرنے والا (ب) بنانے والا (ج) تصویر بنانے والا (د) زندگی دینے والا

20۔ آپ ﷺ نے فرمایا! جب اللہ سے جنت مانگو تو یہ والی جنت مانگو:

(الف) جنت عدن (ب) جنت الماوٰی (ج) جنت نعیم (د) جنت فردوس

17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث: صحیح بخاری شریف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------------------

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ بخاری شریف کا پورا نام مع اعراب تحریر کریں۔

2۔ نیت کی اہمیت کے بارے میں حدیث شریف تحریر کریں۔

3۔ حدیث شریف میں افضل اسلام کس چیز کو قرار دیا ہے؟

4۔ "آية المنافق ثلاثة إذا حدث كذب وإذا عاهد أخلف وإذا اوئتمن خان" کا ترجمہ لکھیں۔

5۔ "فان الشاهد عسى أن يبلغ من هو أوعى له عنه" کا ترجمہ لکھیں۔

6۔ علم کی فضیلت میں ایک حدیث شریف عربی میں تحریر کریں۔

7۔ "أن رسول الله ﷺ كفن في ثلاثة أثواب يمانية بيض" کا ترجمہ تحریر کریں۔

8۔ نماز جنازہ پڑھنے کی فضیلت میں کوئی سی حدیث شریف تحریر کریں۔

9۔ مجاہد کی فضیلت میں ایک حدیث شریف تحریر کریں۔

10۔ "إن الحرب سجال و دول" کا ترجمہ کریں۔

11۔ مجاہدین کی مدد کرنے کی فضیلت میں کوئی حدیث شریف لکھیں۔

12۔ "كنا إذا صعدنا كبرنا وإذا نزلنا سبحنا" کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "من يرد الله به خيرا يصب منه" کا ترجمہ لکھیں۔

2۔ نبی کریم ﷺ نے نابینا پن کی کیا فضیلت بیان فرمائی ہے؟

3۔ حدیث شریف کی رو سے شفاء کتنی اور کون کونسی چیزوں میں ہے؟

4۔ "لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر" کا ترجمہ کریں۔

5۔ "العين حق ونهى عن الوشم" کا ترجمہ لکھیں۔

6۔ کسی چیز میں مکھی گرنے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟ مختصراً تحریر کریں۔

7۔ "حد" سے کیا مراد ہے؟

8۔ احناف کے نزدیک سرقہ کا نصاب کتنا ہے؟ دلیل سے بیان کریں۔

9۔ "تقطع اليد في ربع دينار فصاعدًا" کا ترجمہ کریں۔

10۔ "لا يرحم الله من لا يرحم الناس" کا ترجمہ تحریر کریں۔

11۔ حدیث شریف میں کس چیز کو جنت کا خزانہ قرار دیا گیا ہے؟

12۔ بیدار ہونے کی دعا مع اعراب تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. بخاری شریف کی روشنی میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کی ملاقات کا واقعہ تفصیلاً تحریر کریں نیز اس واقعہ سے کوئی سے دو اخلاقی سبق زینت قرطاس کریں۔

ii. حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

"عن الأحنف بن قيس قال ذهبت لأنصر هذا الرجل فلقيني أبو بكرة فقال: أين تريد؟ قلت أنصر هذا الرجل قال: ارجع فاني سمعت رسول الله ﷺ يقول: إذا التقى المسلمان بسيفهما فالقاتل و المقتول في النار فقلت: يا رسول الله ﷺ هذا القاتل فما بال المقتول قال: إنه كان حريصا على قتل صاحبه"

ورق الٹئے

iii. درج ذیل حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کریں۔

"عن البراء بن عاذب رضی اللہ عنہ قال أمرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بسبع و نھانا عن سبع أمرنا باتباع الجنائز و عیادۃ المریض و إجابۃ الداعی و نصر المظلوم و إبرار القسم و رد السلام و تشمیت العاطس و نھانا عن اٰنیۃ الفضۃ و خاتم الذھب و الحریر و الدیباج و القسی و الإستبرق"

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. (الف) درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں:

"عن عمرو سمع جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال لما کان یوم بدر أتی بأساری و أتی بالعباس ولم یکن علیہ ثوب فنظر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لہ قمیصا فوجدوا قمیص عبد اللہ ابن أبی یقدر علیہ فکساہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إیاہ فذلك نزع النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قمیصہ الذی ألبسہ قال ابن عیینۃ کانت لہ عند النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ید فأحب أن یکافئۃ"

(ب) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن حلف کا جنازہ کیوں پڑھایا تھا؟ وضاحت کریں۔

ii. (الف) عیادت مریض کی فضیلت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

(ب) کیا مشرکین کی عیادت کرنا جائز ہے؟ حدیث کی روشنی میں نوٹ لکھیں۔

iii. حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں:

(الف) "عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: مفاتیح الغیب خمس لا یعلمھا إلا اللہ! لا یعلم ما تغیض الأرحام إلا اللہ ولا یعلم ما فی غد إلا اللہ ولا یعلم متٰی یاتی المطر أحد إلا اللہ ولا تدری نفس بأی أرض تموت إلا اللہ ولا یعلم متٰی یقوم الساعۃ إلا اللہ"

(ب) حدیث شریف میں مذکور اشیائے خمسہ کا علم آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے یا نہیں؟ اگر جواب ہاں میں ہے تو اس حدیث شریف کی کیا توضیح ہے تفصیلاً سپرد قلم کریں۔